| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی | موضوع: | جسم کے حصوں کے نام | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ جسم کے پانچ حصوں کے نام بتا اور لکھ سکیں گے۔ | **دہرائی:**<br>زیر، زبر اور پیش کی علامات تختہ سیاہ/سفید پر بنا کر ان کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا جسم کے پانچ حصوں کے نام کی نشاندہی کرنے اور لکھنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم جسم کے حصوں کے نام جانیں گے۔بچوں سے پوچھا جائے گا کہ جسم کسے کہتے ہیں۔درست جواب پر بچوں کو بتایا جائے گا کہ ہمارا جسم مختلف اعضاء سے مل کر بنا ہے۔بچوں کو کان، ناک، بازو، گلا اور گال کا فلیش کارڈز دکھا کر ان کے نام بتائے جائیں گے۔اور ابتدائی آوازیں پوچھی جائیں گی۔بچوں سے کہیے کہ انگلی کی مدد سے اوپر بتائے گئے حصوں کی طرف اشارہ کریں۔بچوں سے ان اعضاء کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔بچوں کو جسمانی اعضاء کی اہمیت بتائی جائے گی مثال کے طور پر ناک ہمیں سونگھنے میں مدد دیتی ہے کان ہمیں سننے میں مدد دیتے ہیں وغیرہ۔ | 10 منٹ | جسمانی اعضاء کے فلیش کارڈز | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>کمرہ جماعت میں ناک، کان، بازو، گلا اور گال کی فلیش کارڈ چھپا دیے جائیں گے طلباء سے کہا جائے گا کہ وہ چھپے ہوئے فلیش کارڈ کو تلاش کریں اور ان کا نام بتائیں۔بچوں سے کاپی کھولنے کو کہا جائے گا ناک، کان، گلا، بازو اور گال کے فلیش کارڈز کو تختہ سیاہ/سفید پر چسپاں کیا جائے گا بچوں سے باری باری ان کے نام پوچھ کر لکھے جائیں گے مثال کے طور پر ناک لکھتے وقت بچوں کو بتایا جائے گا کہ ناک تین حرفی لفظ ہے۔ناک کی ابتدائی آواز 'ن' کی ہے۔لکیر کے اوپر 'ن' کی آدھی شکل بنا کر 'ا' سے ملایا جائے گا۔نا اس کی آخری آواز ک کی ہے۔ناک بچوں سے ان اعضاء کے نام کاپی پر لکھوائے جائیں گے۔ | 20 منٹ | کاپی ورک | |
| | **اختتامیہ:** تختہ سیاہ/سفید پر چسپاں کسی بھی اعضاء پر انگلی رکھ کر اس کا نام اور توڑ پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:** جسم کے حصوں کے نام کاپی میں لکھیے۔ | 5 منٹ | کاپی ورک | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی | موضوع: | جسم کے حصوں کے نام | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ جسم کے پانچ حصوں کے نام بتا اور لکھ سکیں گے۔ | **دہرائی:**<br>ناک، کان، گلا گال اور بازو کا فلیش کارڈ دکھا کر ان کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>معلّمہ بچوں کو بتائے گی کہ کل ہم نے پانچ جسم کے حصوں کے نام سیکھے تھے۔ آج ہم مزید پانچ حصوں کے نام جانیں گے۔ ہونٹ، ٹانگ، پاؤں، پیٹ اور بال کی طرف انگلی سے اشارہ کر کے ان کے نام بتائے جائیں گے۔ ہونٹ، ٹانگ، پاؤں، پیٹ اور بال کے فلیش کارڈ دکھا کر ان کے نام دہرائے جائیں گے اور ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ ہمارے جسم کے کچھ حصے دو ہوتے ہیں جیسا کہ ہاتھ، آنکھیں، کان، بازو، ٹانگ اور پاؤں وغیرہ۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>معلّمہ گال، گلا، ناک، ہونٹ، پاؤں، پیٹ، ٹانگ اور بال کے فلیش کارڈ تختہ سیاہ/ سفید پر چسپاں کریں گی۔ بچوں کو باری باری تختہ سیاہ /سفید پر کسی بھی ایک جسم کے حصے کا نام لیا جائے گا اور بچے سے کہا جائے گا کہ وہ بتائے گئے جسم کے حصہ کے گرد دائرہ بنائیں۔ بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 40 کھولنے کو کہا جائے گا دیے گئے جسم کے حصوں کے نام پڑھنے کا وقت دیا جائے گا۔ ہونٹ، پاؤں، پیٹ، ٹانگ اور بال کا فلیش کارڈ چسپاں کر کے بچوں سے باری باری ان کے نام پوچھے جائیں گے۔ اور لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا مثال کے طور پر ہونٹ لکھنے کے لیے ہم ہ کی آدھی شکل کو لائن سے اوپر ہوا میں لکھتے ہیں اور 'و' سے ملا کہ لائن پر بٹھا دیتے ہیں۔ ہو اس کے بعد، نٹ بچوں سے ہونٹ کی آوازوں کا بغور سننے کو کہا جائے گا اور کاپی میں لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>تمام پڑھائے گئے اعضاء کے فلیش کارڈ دکھا کر نام پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | فلیش کارڈز | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا جسم کے پانچ حصوں کے نام کی نشاندہی کرنے اور لکھنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی | موضوع: | ہندسوں میں گنتی | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ ہندسوں میں گنتی پڑھ سکیں اشیاء کو گن کر ہندسوں میں گنتی بتاسکیں اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>جسم کے حصوں کے نام فلیش کارڈ/پی پی ٹی کے ذریعے دکھا کر ان کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ پی پی ٹی | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا ہندسوں میں گنتی کی نشاندہی کرنے اور لکھنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ اردو میں گنتی کو دو مختلف طریقوں سے کیا جاتا ہے۔ الفاظ میں اور ہندسوں میں الفاظ میں گنتی آپ نرسری جماعت میں پڑھ چکے ہیں۔ آج ہم ہندسوں میں گنتی 1 تا 10 پڑھنا اور لکھنا جانیں گے۔ ہندسوں میں گنتی کے فلیش کارڈز دکھا کر ان کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ ہر ایک گنتی فلیش کارڈ کو تین سے چار بار دہرایا جائے گا۔ بچوں کو مختلف اشیاء کی تصاویر دکھا کر ان کی گنتی پوچھی جائے گی۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو دو ٹوکریاں دی جائیں گی۔ ایک ٹوکری میں ہندسوں میں گنتی 1 تا 10 کے فلیش کارڈ رکھے جائیں گے اور ایک میں مختلف اشیاء کی تصاویر رکھی جائیں گی طلباء سے ایک کارڈ لے کر اس پر موجود اشیاء گننے کو کہا جائے گا۔ اس کے بعد ہندسوں والی ٹوکری میں فلیش کارڈ سے چُن کر اشیاء کی گنتی کے مطابق رکھا جائے گا۔ جن بچوں کو خصوصی توجہ کی ضرورت ہوگی ان بچوں کو معلّمہ اپنی نگرانی میں کام کروائیں گی۔ بچوں کی حوصلہ افزائی کرنے کے لیے انہیں شاباش دی جائے گی۔ ہندسوں والی گنتی کے فلیش کارڈ کو قالین پر رکھ کر بچوں کو انہیں ترتیب سے لگانے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے کاپی میں ہندسوں میں گنتی لکھوائی جائے گی ہر بچے کو انفرادی طور پر توجہ دی جائے گی تاکہ وہ مقررہ وقت میں کام مکمل کر سکیں۔ | 20 منٹ | ہندسے فلیش کارڈ اشیاء فلیش کارڈ<br>کاپی ورک | |
| | **اختتامیہ:** تختہ سیاہ پر اشیاء کو ہندسوں سے ملانے کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:** کتاب صفحہ نمبر 38 کیجیے۔ | 5 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 38 | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے.جی | موضوع: | الفاظ میں گنتی | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ الفاظ میں گنتی پڑھ سکیں اشیاء کو گن کر ہندسوں میں گنتی بتا سکیں اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>ہندسے فلیش کارڈ دکھا کر گنتی کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں سے ساتھ مل کر نظم پڑھیں۔<br>ایک، دو، تین، چار آؤ مل کر بیٹھیں یا پانچ، چھے، سات سنو ہماری بات آٹھ، نو، دس بات ہماری بس<br>دوبارہ بلند خوانی کروائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ الفاظ میں گنتی آپ نرسری میں سیکھ چکے ہیں۔ بچوں کو گنتی کے فلیش کارڈز دکھا کر پوچھا جائے گا۔ لفظی گنتی کی دہرائی دو سے تین بار کروائی جائے گی۔ بچوں کو بورڈ پر ایک تا دس کی تعداد میں اشیاء بنا کر ان کی گنتی کروائی جائے گی۔ تختہ سیاہ پر لفظی گنتی کو توڑ کے جوڑ کر کے لکھنا سکھایا جائے گا۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو حروف کی آدھی اشکال اور شرارتی نو کے مقناطیسی حروف دیے جائیں گے۔ بچوں سے ان حروف کو جوڑ کر لفظی گنتی ایک تا دس بنانے کو کہا جائے گا۔ بچوں میں لفظی گنتی کے فلیش کارڈ ( دو تا دس ) تقسیم کیے جائیں گے اور چھپانے کو کہا جائے گا۔ معلّمہ کہے گی کہ میرے پاس ایک ہے اور فلیش کارڈ تمام بچوں کو دکھائے گی۔ دو کس کے پاس ہے۔ اس طرح 'دس' تک بچے گنتی مکمل کریں گے۔ کتاب صفحہ نمبر 82 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچوں کی کام کرتے وقت نگرانی کی جائے گی اور اچھا کام کرنے پر شاباش دی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے مختلف اشیاء کی گنتی کرائی جائے گی ( کمرہ جماعت میں موجود کرسیاں، پنکھے، میزیں، پنسلیں ) وغیرہ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | گنتی فلیش کارڈز<br>مقناطیسی اردو کے حروف ( پوری اور آدھی اشکال ) لفظی گنتی فلیش کارڈ<br>کتاب صفحہ نمبر 82 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا الفاظ میں گنتی کی نشاندہی کرنے اور لکھنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی | موضوع: | الفاظ میں گنتی | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ الفاظ میں گنتی کے توڑ /جوڑ /پڑھ / لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>لفظی گنتی کے فلیش کارڈ دکھا کر الفاظ کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | حروف اور گنتی فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا لفظی گنتی کے توڑ کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم گنتی کو توڑ اور جوڑ کر کے لکھنا سیکھیں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ توڑ کا مطلب کسی بھی لفظ کو الگ الگ کر کے لکھنا ہے۔ اور جوڑ سے مراد الگ الگ حروف کو ملا کر ایک لفظ بنانا ہے۔ مثال کے طور پر ت + ی + ن کو ملا کر 'تین' لکھتے ہیں۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو پلے ڈو دی جائے گی بچوں کو بتایا جائے گا کہ انھیں لفظی گنتی کے توڑ پلے ڈو کی مدد سے بنانے ہیں مثال کے طور پر 'چار' بنانے کے لیے وہ پہلے چ کی آدھی شکل بنائیں گے پھر 'ا' بنائیں گے اور پھر 'ر' اس طرح تمام لفظی گنتی کی مشق کروائی جائے گی۔ بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 39 کھولنے کو کہا جائے گا لفظی گنتی ا تا دس کے توڑ اور جوڑ لکھنے میں بچوں کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔ | 20 منٹ | پلے ڈو<br>کتاب صفحہ نمبر 39 | |
| | **اختتامیہ:**<br>تختہ سیاہ/سفید پر گنتی لکھ کر بچوں سے پوچھا جائے گا۔ | 5 منٹ | | |
| | **گھر کا کام:**<br>کتاب صفحہ نمبر 58 کیجیے۔ | | کتاب صفحہ نمبر 58 | |